| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری بارھواں ہفتہ | موضوع: | حرف ’ذ‘ | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف ’ذ‘ کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست شناخت / بناوٹ سے ’ذ‘ لکھ سکیں۔ حرف ’ذ‘ سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو ’’حروف تہجی اردو کے‘‘ نظم سنائی جائے گی۔ اسے لے کر ’ڈ‘ تک درست تلفظ، صوتی آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گے۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا کہ حرف ’ذ‘ کی پہچان، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں سے پوچھا جائے گا کہ شرارتی ’نو‘ کون سے حروف ہوتے ہیں اور انہیں شرارتی نو کیوں کہا جاتا ہے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم ’ذ‘ کریں گے۔ ’ذ‘ بھی شرارتی نو ہے۔ اس کی بھی آدھی شکل نہیں ہوتی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ ’ذ‘ حروف تہجی کا چودھواں حرف ہے۔ اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف ’ذ‘ درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے اور حرف ’ذ‘ کے ذخیرہ الفاظ ذرات اور ذخیرہ کے بارے میں بچوں کو بتایا جائے گا کہ بچوں کو بتایا جائے گا کہ ذ کے اوپر ایک نقطہ ہوتا ہے۔ تختہ سفید/ سیاہ پر ایک لکیر کھینچی جائے گی جس پر بچوں کو ’ذ‘ لکھنے کا طریقہ بتایا جائے گا اور باری باری بچوں کو بلا کر حرف ’ذ‘ لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو ’ذ‘ کے کٹ آؤٹس دیے جائیں گے رنگین کاغذ کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں کو گلو کی مدد سے حرف ’ذ‘ پر چسپاں کرنے میں مدد کی جائے گی۔ بچوں کو کتاب صفحہ 71 کھولنے کو کہا جائے گا بچوں سے پوچھا جائے گا کہ ’ذ‘ کی کوئی آدھی شکل ہوتی ہے یا نہیں۔ ’ذ‘ پر انگلی پھیرنے کو کہا جائے گا۔ ’ذ‘ کے الفاظ بتائے جائیں گے۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 28<br>ورک شیٹ<br>چھوٹے رنگین کاغذوں کے ٹکڑے (ذرات) گلو | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں کو کہا جائے گا کہ ہوا میں حرف ’ذ‘ لکھنے کی مشق کریں اور اس عمل کو دو سے تین بار دہرائیں | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری بارھواں ہفتہ | موضوع: | حرف 'ذ' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'ذ' کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔ درست شناخت/ بناوٹ سے 'ذ' لکھ سکیں ۔ حرف 'ذ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروف تہجی اردو کے نظم سنائی جائے گی ۔ بچوں کو 'ذ' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ، صوتی آواز اور نقطے پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا کہ حرف 'ذ' کی پہچان ، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو 'ذ' کے ذخیرہ الفاظ کی فلیش کارڈ/ پی پی ٹی کے ذریعے دہرائی کروائی جائے گی ۔ بچوں کو 'ذ' کا فلیش کارڈ دکھا کر بتایا جائے گا کہ یہ ذ کا ہے۔ ذ کا سورج کو کہتے ہیں۔ بچوں کو بتایے کہ ذ کا کی ابتدائی آواز 'ذ' کی ہے بچوں سے ہوا یا جلد پر انگلیوں کی مدد سے حرف 'ذ' کی شکل بنوایئے اور بار بار دہرائی کروایئے۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>پانچ پانچ طلباء کے چھوٹے گروپوں کے لیے ہر میز پر Play Dough رکھ دیجیے۔ طلباء کو Play Dough کی مدد سے د، ڈ، ذ بنانے کی مشق کروایئے ۔ بچوں کو کتاب صفحہ 73 کھولنے کو کہا جائے گا۔ 'ذ' پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | Play Dough<br>کتاب صفحہ 73 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'ذ' کی صوتی آواز پوچھی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>کتاب صفحہ 72 کیجیے۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری بارھواں ہفتہ | موضوع: | حرف 'ذ' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ذ' کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔ درست شناخت / بناوٹ سے 'ذ' لکھ سکیں ۔ حرف 'ذ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ذ' کا درست تلفظ،صوتی آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم ذرات کے بارے میں بات کریں گے۔ ذرات مٹی کے چھوٹے ذروں کو کہتے ہیں ۔ بچوں کو چاک توڑ کراس کے ذرات دکھائے جائیں گے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ ذرات کی ابتدائی آواز 'ذ' کی ہے۔ بچوں سے کہیے کہ وہ آپ کی نقل کرتے ہوئے انگلیوں سے ہوا میں 'ذ' بنائیں اور یہ عمل تین سے چار بار دہرائیں۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>کمرہ جماعت میں سیب/کیلا، لیموں چپس یا Nuggets کا اہتمام کیا جائے بچوں کو باری باری بلا کر ہر چیز کو چکھنے اور اس کا ذائقہ بتانے کو کہا جائے گا۔ بچوں کو کتاب صفحہ 74 کھولنے کو کہا جائے گا۔'ذ' لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تا کہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کرسکیں۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے ذائقہ، ذرات اور ذ کا کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ<br>ورک شیٹ<br>کتاب صفحہ 74 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا کہ حرف 'ذ' کی پہچان ، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری بارھواں ہفتہ | موضوع: | حرف 'ذ' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ذ' کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔ درست شناخت / بناوٹ سے 'ذ' لکھ سکیں ۔ حرف 'ذ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف د تا ذ کا فلیش کارڈ دکھا کر ان کا درست تلفظ،صوتی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 5منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا کہ حرف 'ذ' کی پہچان ، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ حرف 'ذ' سے زیادہ الفاظ نہیں بنتے بچوں کو پہلے دن پر دکھائی گئی تصاویر پھر سے دکھا کر ان حروف کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ بچوں کو Sand tray دے کر 'ذ' کی درست بناوٹ کی مشق کروائی جائے گی۔ | 10منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>تختہ سیاہ پر حرف 'ذ' تین مرتبہ لکھ کر نقطوں اور ط کی مشق کروائی جائے گی۔ بچوں سے د، ڈ، ذ کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔<br>بچوں کو کاپی پر 'ذ' درست بناوٹ کے ساتھ لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تا کہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کرسکیں۔ | 20منٹ | کاپی ورک | |
| | **اختتامیہ:**<br>تختہ سیاہ پر لکیر کھینچ کر 'ذ' کی شکل لکھوائیں۔ | 5منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری بارھواں ہفتہ | موضوع: | دہرائی 'د تا ذ' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حروف د تا ذ کا تلفظ اور آواز پہچان سکیں۔ درست بناوٹ کے ساتھ 'د تا ذ' حروف لکھ سکیں۔ 'ذ' سے شروع ہونے والے الفاظ بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حروف 'د تا ذ' کے فلیش کارڈ دکھا کر ان کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 3 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا کہ حرف 'ذ' کی پہچان، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حروف 'د تا ذ' کی دہرائی کریں گے۔ باری باری حروف دکھا کر ان سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ sand latters دے کر 'د تا ذ' حروف کی درست بناوٹ کی مشق کروائی جائے گی۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو کتاب صفحہ 76 کھولنے کو کہا جائے گا۔ تصاویر کو دیکھ کر ان کا نام پوچھا جائے گا۔ ابتدائی آواز پوچھی جائے گی اور درست حرف کے گرد دائرہ بنانے کو کہا جائے گا۔ کتاب صفحہ 77 کھولنے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ د، ڈ ذ کی آدھی شکل ہوتی ہے یا نہیں؟ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ ڈائری کی ابتدائی آواز کیا ہے؟ ڈائری میں 'د تا ذ' کی لکھائی کروائی جائے گی۔ ایک تھیلا میں 'د تا ذ' حروف کی تصاویر فلیش کارڈ ڈالے جائیں گے۔ ہر بچہ باری باری تھیلے میں سے ایک کارڈ نکالے گا تصویر کا نام بتائے گا اور ابتدائی آواز بتائے گا۔ | 30 منٹ | کتاب صفحہ 76،77 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے تختہ سیاہ/سفید پر 'د تا ذ' لکھائی کروائی جائے گی۔ | 2 منٹ | | |
| | **گھر کا کام:**<br>کتاب صفحہ 75,78 کیجیے۔ کاپی میں حرف 'ذ' کی لکھائی کیجیے۔ | | | |